سوال

(112) میں مسجد میں نماز جمعہ نہیں پڑھ سکا تو کیا گھر میں دو رکعتیں پڑھوں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب میں مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز جمعہ نہ پڑھ سکوں تو کیا گھر میں نماز جمعہ کی نیت کے ساتھ دو رکعتیں پڑھوں یا نماز ظہر کی نیت کے ساتھ چار رکعتیں پڑھوں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص بیماری وغیرہ کے کسی شرعی عذر کی وجہ سے مسلمانوں کے ساتھ جمعہ نہ پڑھ سکے تو اسے نماز ظہر پڑھنی چاہیئے۔ عورت کو بھی نماز ظہر پڑھنی چاہیئے اور اس طرح مسافر اور بادیہ نشین لوگ بھی نماز ظہر ادا کریں گے۔ جیسا کہ سنت سے ثابت ہے، اکثر اہل علم کا قول بھی یہی ہے اور مسئلہ میں شاذ رائے رکھنے والے کے قول کا کوئی اعتبار نہیں۔

فتاویٰ ابن باز